09 اگست 2019ء

عید الاضحیٰ 2019ء کے موقع پر نئے کرنسی نوٹوں کا اجرا

بینک دولت پاکستان نے اپنے ذیلی ادارے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے 16 فیلڈ دفاتر کے ذریعے **عید الاضحیٰ** کے موقع پر مختلف مالیتوں کے مجموعی طور پر 284 ارب روپے کے نئے کرنسی نوٹ جاری کیے ہیں جن میں کمرشل بینکوں کے ذریعے 274 ارب روپے اور ایس بی پی بی ایس سی کیش کاؤنٹرز کے ذریعے جاری کیے گئے 10 ارب روپے شامل ہیں۔

کمرشل بینکوں کو جاری کیے گئے مجموعی کرنسی نوٹوں میں سے 12 ارب روپے کے کم مالیتوں (100 روپے تک) کے نئے نوٹ شامل ہیں جو انہیں عوام اور اپنے کھاتے داروں میں تقسیم کرنے کے لیے فراہم کیے گئے ہیں۔

ایس بی پی بی ایس سی عید کی تعطیلات کے دوران اے ٹی ایم آپریشنز کو مؤثر انداز میں جاری رکھنے کے لیے کمرشل بینکوں کو بلند مالیتوں کے نئے اور عمدہ معیار کے اے ٹی ایم نوٹ بھی خاصی مقدار میں فراہم کر چکا ہے۔ اس ضمن میں اسٹیٹ بینک اور ایس بی پی بی ایس سی کے حکام پاکستان بھر میں اے ٹی ایم کے فعال رہنے کا معائنہ اور نگرانی کریں گے تاکہ عید کی چھٹیوں میں عوام کو نقد رقوم کی بلا تعطل دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔

****